© rasailojaraid.com



## تعارف و تبصرہ

# علامہ انور شاہ کشمیریؒ اور ان کی علمی خدمات

حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ تعالیٰ برصغیر کی اُن گنی چنی دینی و علمی شخصیات میں سے ہیں جن کا وجود برصغیر میں مسلمانوں کے دَورِ زوال و انحطاط میں ان کے ایمان کا سہارا بنا اور جن کا علمی و روحانی فیض رہتی دُنیا تک اہل علم کے لیے استفادہ کا مرکز رہے گا۔ حضرت شاہ صاحبؒ اپنے دَور کے عظیم محدّث، فقیہ، متکلم، فلسفی اور دانشور تھے جن کے بارے میں علامہ محمد اقبال مرحوم کا یہ کہنا ہے کہ "اسلام کی ادھر کی پانچ سو سالہ تاریخ شاہ صاحبؒ کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہے"۔ مولانا تاج الدین مدنی نے حضرت علامہ کشمیریؒ کے حالاتِ زندگی اور علمی خدمات پر قلم اٹھایا ہے اور اختصار اور جامعیت کے ساتھ زیرِ نظر قیمتی مجموعہ اہلِ نظر کی خدمت میں پیش کیا ہے۔ ڈیڑھ سو سے زائد صفحات کی یہ کتاب معیاری کتابت و طباعت کے ساتھ دار العلوم امینیہ تخت نصرتی ضلع کرک صوبہ سرحد نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ۳۵/- روپے ہے۔

✪

## نور البصر فی سیرۃ خیر البشرؐ

تحریکِ آزادی کے نامور راہنما حضرت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ نے جناب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کو اپنے مخصوص محققانہ انداز میں تدریسی طرز پر پیش کیا ہے۔ ہر باب کے آخر میں اس کا خلاصہ دیا گیا ہے اور سوالات کے ذریعے اس کے اہم حصّوں کو ذہن نشین کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ہمارے دینی مدارس میں جہاں سیرتِ طیبہ اور تاریخِ اسلام ابھی تک نصاب کا باضابطہ حصہ نہیں بن سکی طلباء کو جنابِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے حالاتِ زندگی سے متعارف کرانے کے لیے یہ کتاب بے حد مفید ثابت ہو سکتی ہے۔

© rasailojaraid.com